# 17-05-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے ریاستی حکومت پر دھان کی خریداری کے معاملہ میں کسانوں کو دھوکا دینے کاالزام عائد کیا ہے۔

۲۔ریاستی وزیر جو پلی کرشنا راؤ نے کہا ہے کہ حکومت کسانوں کی پیدا کردہ آخری دانہ کو خریدنے کے لئے پابند عہد ہے۔

۳۔ریاستی وزیراڈلوری لکشمن کمار نے کہاہے کہ زیرالتوا آبپاشی منصوبوں کوایک سال کےاندر مکمل کیاجائیگا۔

۴۔ بی آر ایس کے ورکنگ صدر و سابق وزیر کے ٹی آر نے مرکزی وزیر بنڈی سنجے کو کابینہ سے برطرف کرنے کامطالبہ کیا۔

Kishan Reddy:

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے ریاستی حکومت پر دھان کی خریداری کے معاملہ میں کسانوں کو دھوکا دینے کا الزام عائد کیا ہے۔ ناмпلی میں واقع بھارتیہ جنتا پارٹی کے ریاستی دفتر میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انتخابات سے قبل رعیّتو ڈیکلریشن کے نام پر کانگریس حکومت نے جو وعدہ کیے تھے، ان میں سے ایک بھی پورا نہیں کیا گیا۔انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قرض معافی نہ ہونے کی وجہ سے لاکھوں کسان بینکوں کے چکر لگا رہے ہیں۔ وزیر نے واضح کیا کہ دھان کی خریداری کے لئے درکار نقل وحمل اور ذخیرہ کے اخراجات مرکزی حکومت برداشت کر رہی ہے۔ اس کے باوجود ریاستی حکومت خریداری میں تاخیر کر رہی ہے اور مرکز کے خلاف جھوٹا پروپگنڈہ کر رہی ہے۔انہوں نے اس موقع پر یاد دلایا کہ وزیراعظم نریندر مودی ملک کے 83 کروڑ عوام کومفت چاول فراہم کررہے ہیں۔

PTC, Hyderabad

POCSO Case:

بنڈی بھگیرت کو پوکسو کیس میں پولیس نے گزشتہ رات گرفتار کرلیا۔ سائبرآباد پولیس کمشنر ڈاکٹر ایم رمیش ریڈی نے بتایا کہ کل صبح ملزم کے خلاف لوک آؤٹ سرکولر جاری کیا گیا تھا جبکہ رات 8 بجے کے بعد نارسنگی پولیس اسٹیشن کی حدود میں سائبرآباد اسپیشل آپریشنز ٹیم نے انہیں حراست میں لیا۔ انہوں نے بتایا کہ مقامی سرکاری ہاسپٹل میں طبی معائنہ کرانے کے بعد ملزم کو میڑچل کے جج کے سامنے پیش کیا گیا جہاں عدالت نے اسے 14 دن کے ریمانڈ پر بھیج دیا۔ بعدازاں رات 12 بجے اسے چرلہ پلی جیل منتقل کر دیا گیا جبکہ مرکزی وزیر بنڈی سنجے کمار نے ایکس پر بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اپنے بیٹے کو وکلا کی موجودگی میں پولیس تفتیش کے لئے حوالہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انہیں عدالتی نظام پر مکمل اعتماد ہے اور قانون کے سامنے سب برابر ہیں۔

Desk

Procurement – Nalgonda:

نلگنڈہ ضلع میں اب تک 6 لاکھ 76 ہزار میٹرک ٹن دھان کی خریداری کی جا چکی ہے جبکہ مزید 2 لاکھ میٹرک ٹن دھان خریداری مراکز پر آنے کا امکان ہے۔ یہ بات ضلع کلکٹر بی چندر شیکھر نے کہی۔ انہوں نے رائس مل مالکان کو ہدایت دی کہ وہ دھان کی فوری اَن لوڈنگ کو یقینی بنائیں۔ ساتھ ہی مزدوروں کی کمی نہ ہونے دینے اور روزانہ کم ازکم 400 لاریوں کا دھان ملوں میں اتارنے کے لئے اقدامات کرنے کی ہدایت دی۔ کلکٹر نے ضلع ایس پی شرت چندر پوار کے ہمراہ مریال گوڑہ سب کلکٹر دفتر میں سیول سپلائز حکام اور رائس مل انتظامیہ کے ساتھ جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ کسانوں کے مفاد کے لئے تمام متعلقہ اداروں کو باہمی تال میل کے ساتھ کام کرنا چاہیئے۔ انہوں نے مریال گوڑہ لاری اسوسی ایشن سے اپیل کی کہ اضافی 50 لاریوں کو دستیاب رکھا جائے اور دھان کی منتقلی مکمل ہونے تک تعاون جاری رکھیں۔

PTC, Nalgonda

Procurement – Sircilla:

راجنا سرسلہ ضلع کلکٹر گریما اگروال نے ہدایت دی ہے کہ دھان خریداری کے عمل میں عہدیدار مکمل چوکس رہیں اور زمینی سطح پر خریداری و آن لائن اندراج کے عمل کو تیز کیا جائے۔ منڈل سطح کے خصوصی افسران کے ساتھ ٹیلی کانفرنس میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دھان کے وزن، رائس ملوں اور گوداموں تک منتقلی کے عمل پر خصوصی توجہ دی جائے۔ خریداری مراکز اور ملوں کی صورتحال کی نگرانی کے لئے تعینات ریونیو اور دیگر محکموں کے عہدیدار باہمی تعاون سے فرائض انجام دیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ نقل و حمل کے لئے مناسب تعداد میں گاڑیاں دستیاب ہونی چاہئیں اور اگر متعلقہ کنٹریکٹر گاڑیاں فراہم نہ کرے تو اس کے خلاف مناسب کارروائی کی جائے۔

PTC, Rajanna Sircilla

Weather

ریاست میں ایک جانب دن کے درجہ حرارت ریکارڈ سطح تک پہنچ رہے ہیں تو دوسری جانب بے موسم بارش اور بجلی گرنے کے واقعات سے نقصان ہورہا ہے۔ عادل آباد کے بوراج علاقہ میں گزشتہ روز ریاست کا سب سے زیادہ 44.5 ڈگری سیلسیس درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔ شدید گرمی کے باعث ونپرتی ضلع کے امرچنتہ منڈل میں واقع ایک پولٹری فارم میں تقریباً 3 ہزار مرغیاں ہلاک ہوگئیں۔ حیدرآباد محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ آئندہ تین دنوں میں درجہ حرارت مزید 2 سے 3 ڈگری تک بڑھ سکتا ہے۔ دوسری جانب، متحدہ محبوب نگر ضلع میں ہفتہ کی شام ہونے والی بے موسم بارش کے باعث مارکیٹ یارڈس میں موجود دھان کے ڈھیر پانی میں بہہ گئے۔ جوگولامبا گدوال ضلع میں فصل کو بچانے کی کوشش کے دوران ناگیش نامی ایک نوجوان بجلی گرنے سے ہلاک ہوگیا جبکہ کولاپور منڈل میں بجلی گرنے سے 30 بھیڑیں ہلاک ہوگئیں۔

Desk, Mahabubnagar & Jogulamba Gadwal Districts

Land Acquisition:

سکندرآباد کے پیراڈائز جنکشن سے شاہ میر پیٹ آؤٹر رنگ روڈ تک مجوزہ 18.15 کلومیٹر طویل ایلیویٹیڈ کوریڈور منصوبے کے لئے اراضی حصول اور معاوضے کی تقسیم کا عمل اہم مرحلہ میں داخل ہوگیا ہے۔تقریباً 2 ہزار 232 کروڑ روپے کی لاگت سے حیدرآباد میٹروپولیٹن ڈیولپمنٹ اتھارٹی اس منصوبہ کو انجام دے رہی ہے جس کے لئے قریب 197 ایکڑ زمین حاصل کی جارہی ہے۔اس میں وزارتِ دفاع کے تحت آنے والی 113.48 ایکڑ زمین کے بدلے مساوی مالیت کی متبادل زمین منتقل کرنے کے لئے مرکزی حکومت کے ساتھ معاہدہ طے پا گیا ہے جبکہ خانگی افراد کی زمینوں کے معاوضہ کے چیک بھی تقسیم کئے جارہے ہیں۔لوتھ کنٹہ، الوال، حکیم پیٹ، انتائی پلی اور توم کنٹہ علاقوں سے تعلق رکھنے والے 50 سے زائد نجی جائیداد مالکان کو اب تک معاوضہ ادا کیا جا چکا ہے۔حکام کے مطابق منصوبہ کے کاموں کی پیش رفت پر کلکٹر مسلسل نگرانی کررہے ہیں۔

PTC, Medchal-Malkajgiri

Weather

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی کہ آج ریاست کے ایک یا دو اضلاع میں ہلکی تا اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات نے کہا کہ گرج وچمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ ہلکی تا اوسط بارش ہوسکتی ہے۔

PN

Seethakka

آج حیدرآباد کے پرجا بھون میں ریاستی وزیر سیتا اکا نے تلنگانہ مہیلا کمیشن کی چیرپرسن گدوال وجئے لکشمی اور دیگر ارکان نے ملاقات کی۔اس موقع پر سیتا اکا نے کمیشن کی چیرمین اور نئے نامزد ارکان کو مبارکباد دی۔

Desk

EAPCET

تلنگانہ میں انجینئرنگ، اگریکلچر اور فارمیسی کورسوں میں داخلہ کیلئے منعقد کئے گئے Eapcet کے نتائج کو آج جاری کیا گیا۔ تلنگانہ حکومت کے مشیر کے کیشو راؤ نے ہائر ایجوکیشن کونسل کے چیرمین پروفیسر بی بالا کشٹا ریڈی کی موجودگی میں حیدرآباد کے جے این ٹی یو میں نتائج کو جاری کیا۔ امتحانات کے مکمل ہونے کے صرف چھٹویں روز ہی نتائج کو جاری کیا گیا ہے۔ اِس سال امتحان کے انعقاد کے ساتھ ہی ابتدائی key کے مطابق کمپیوٹر اسکرین پر نشانات دکھانے کا نیا طریقہ کار متعارف کروایا گیا تھا۔ اس سال انجینئرنگ کے شعبہ میں ایک لاکھ 97 ہزار 241 طلبہ نے امتحان لکھا تھا جس میں سے ایک لاکھ 44 ہزار 704 طلبہ نے کامیابی حاصل کی جبکہ اگریکلچر، فارمیسی کے شعبہ میں 84 ہزار 954 طلبہ نے امتحان لکھا تھا جس میں 73 ہزار 294 طلبہ کوالیفائیڈ ہوئے ہیں۔

Desk

WORLD HYPERTENSION DAY

آج دنیا بھر میں عالمی ہائپرٹینشن ڈے منایا جا رہا ہے۔ یہ دن بلڈ پریشر آگاہی ماہ کے تحت منایا جاتا ہے۔ اس دن کا بنیادی مقصد بلند بلڈ پریشر کے بارے میں عالمی سطح پر شعور اجاگر کرنا، اس کی روک تھام، بروقت تشخیص اور مؤثر کنٹرول کو فروغ دینا ہے، ساتھ ہی فرد، معاشرہ اور صحت کے نظام کی سطح پر اقدامات کی حوصلہ افزائی کرنا بھی اس کا اہم مقصد ہے۔ اس سال کا موضوع ’آیئے ہم سب مل کر بلڈ پریشر کو قابو میں رکھیں۔ اپنا بلڈ پریشر باقاعدگی سے چیک کروائیں اور اس خاموش وبا کو شکست دیں‘۔ ماہرین کے مطابق دنیا بھر میں تقریباً 1.4 بلین افراد بلند بلڈ پریشر کے مرض میں مبتلا ہیں۔

NSD

WORLD TELECOMMUNICATION DAY

آج ورلڈ ٹیلی کمیونیکیشن اینڈ انفارمیشن سوسائٹی ڈے منایا جارہا ہے۔ یہ دن 1865 میں پیرس میں اقوام متحدہ کے ذیلی ادارہ انٹرنیشنل ٹیلی کمیونیکیشن یونین کے قیام کی یاد میں منایا جاتا ہے۔اس دن کا مقصد انٹرنیٹ اور دیگر معلوماتی ومواصلاتی ٹیکنالوجیز کے ذریعہ معاشروں اور معیشتوں کو حاصل ہونے والے فوائد کے بارے میں شعور بیدار کرنا اور ڈیجیٹل خلیج کو ختم کرنے کے طریقوں پر غور کرنا ہے۔ یہ دن حکومتوں، صنعتوں اور سماجی اداروں کو دنیا کو آگے بڑھانے والے ڈیجیٹل نظام کو مزید مضبوط بنانے کی بھی ترغیب دیتا ہے۔

NSD

GREENATHON

گرینا تھن 2026 کے تحت آج صبح نیکلس روڈ پر گرینا تھن رن کا انعقاد کیا گیا۔ بایوڈائیورسٹی بورڈ کے سکریٹری کالی چرن کی قیادت میں منعقدہ اس پروگرام میں 21K، 10K، 5K اور 3K میراتھن مقابلے منعقد ہوئے۔اس تقریب میں معروف کھلاڑی سائنا نہوال اور ریزلر شنکی سنگھ نے مہمانِ خصوصی کے طور پر شرکت کی۔اس میراتھن میں تقریباً 5 ہزار رنرز نے حصہ لیا۔

Desk

Ramchander Rao

تلنگانہ بی جے پی کے صدر این رام چندر راؤ نے کہا ہے کہ تلنگانہ میں بقرعید کے موقع پر گاو رکشکوں کے خلاف پولیس کی جانب سے ناجائز مقدمات درج کئے جارہے ہیں۔انہوں نے الزام لگایا کہ پولیس مجلس کے دباؤ میں آکر گاو رکھشکوں کو ہراساں کررہی ہے۔ رام چندر راؤ نے کہا کہ گاو کی حفاظت ہندوؤں کے جذبات سے جڑا معاملہ ہےاس کے لئے کام کرنے والوں کو مجرموں کی طرح

دیکھنا درست نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں تمام مذاہب کا احترام کرنا ہر ایک کی ذمہ داری ہے اور گاور کھشکوں پر درج مقدمات فوری واپس لینے کا مطالبہ کیا۔

...HYD-PTC

Lakshman Kumar

ریاستی وزیر اڈلوری لکشمن کمار نے کہا ہے کہ دھرماپوری اسمبلی حلقہ انتخاب میں زیر التوا آبپاشی منصوبوں کو ایک سال کے اندر مکمل کیا جائے گا۔ وزیر نے جگتیال ضلع میں اکے پلی تالاب کا آبپاشی حکام، مقامی عوامی نمائندوں اور کسانوں کے ساتھ معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے منصوبوں کی جلد تکمیل کی یقین دہانی کرائی اور اس موقع پر بات کی۔

Sound Byte - Lakshman Kumar

PPTC, Jagtial District

Jupally Krishna Rao

ریاستی وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے کہا ہے کہ دھان کی خریداری کے عمل پر وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی مسلسل نگرانی کر رہے ہیں اور حکومت کسانوں کی پیدا کردہ آخری دانہ کو خریدنے کے لئے پابندِ عہد ہے۔ انہوں نے بے موسم بارش سے کولا پور کے زرعی مارکیٹ یارڈ میں بھیگے ہوئے دھان اور مکئی کا معائنہ کیا۔ بعد ازاں بجلی گرنے سے 30 بھیڑیں ہلاک ہونے والے کسان سے ملاقات کر کے 50 ہزار روپے کی مالی امداد بھی فراہم کی۔ اس موقع پر وزیر نے کہا کہ حکومت کسانوں کے نقصانات کے ازالے کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔

Sound Byte - Jupally Krishna Rao

....PTC, Nagarkurnool District

KTR

بی آر ایس کے ورکنگ صدر و سابق وزیر کے ٹی آر نے مرکزی وزیر بنڈی سنجے کو کابینہ سے برطرف کرنے کا مطالبہ کیا۔ حیدرآباد کے ایل بی نگر اسمبلی حلقہ میں میرا بوتھ، میرا مستقبل پروگرام کے تحت بی آر ایس، بی ایل ایز کیلئے منعقد کئے گئے تربیتی کلاسس میں انہوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر کے ٹی آر نے الزام لگایا کہ کانگریس اور بی جے پی دونوں مل کر لڑکی کے ساتھ ناانصافی کرنے کی کوشش کررہے تھے لیکن بی آر ایس نے لڑکی کو انصاف فراہم کرنے کیلئے جدوجہد کی۔

Cherlapally Tiruchanoor Weekly Express

تلگو ریاستوں کے ریلوے مسافروں اور خاص کر تروپتی کے سری وینکٹیشورا سوامی مندر کو جانے والے عقیدتمندوں کیلئے مرکزی وزیر کشن ریڈی کی خصوصی دلچسپی کے ذریعہ چرلہ پلی تیرچانور کے درمیان ویکلی اکسپریس ٹرین کیلئے مرکزی وزیر ریلوے نے منظوری دی ہے۔ مسافروں کے ہجوم اور مطالبات کے پیش نظر اس ریل کی منظوری پر وزارتِ ریلوے اور ساؤتھ سنٹرل ریلوے کے عہدیداروں سے کشن ریڈی نے اظہارِ تشکر کیا۔ یہ نئی ویکلی اکسپریس سرویس آج سے ہی مسافروں کو دستیاب ہوگی۔

○○